Posted On Kitab Nagri




کتاب نگری

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم !

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

kitabnagri@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

kitabnagri@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

# THE BEAUTY AND THE BEAST LOVE

## By Samreen Zahid

آخری قسط

وہ بھاگتے ہوئے باہر آیا تھا آخر کار سب کو بتا کر اپنے دماغ میں آئے پلان کو انجام بھی دینا تھا دائم نے اسے بھاگتے ہوئے آتے دیکھ پریشانی سے اسے دیکھا

سب ٹھیک تو ہے نا فرحان ؟؟

اس نے فکر مندی سے اسے دیکھتے پوچھا

سب ٹھیک ہے دائم میرے دماغ میں ایک پلین آیا ہے ہم اس پر عمل کر کے سب کو بچا سکتے ہیں

فرحان نے جیسے انہیں زندگی کی نوید سنائی تھی

کلک۔۔۔۔۔ کیسے

Posted On Kitab Nagri

فہد نے فوراً پوچھا تو سب بھی فرحان کی جانب متوجہ ہوئے تھے

بتاتا ہوں سب بتاتا ہوں

اس نے سب کو دیکھتے کہا اور سب کو اپنا پلین بتایا تھا کافی حد تک انہیں اس کا پلین اچھا اور کامیاب ہوتا لگا

یہ کام کرے گا نا کیونکہ ہماری چھوٹی سی غلطی سب کو بہت بڑی مصیبت میں ڈال سکتی ہے

یاسر نے پریشانی کے عالم میں اسے کہا

یاسر ہمیں یہ خطرہ مول لینا ہو گا پھر جو قسمت میں لکھا ہو گا وہی ہو گا

اس نے اسے دیکھتے ہوئے کہا

مگر فرحان پیٹر ہمیں نقصان پہنچانے کی پوری کوشش کرے گا

عاطف نے پریشانی سے کہا تھا وقت ہی ایسا تھا کہ سب کو کوئی نہ کوئی پریشانی لاحق تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جب اس بات کا یقین ہو جائے کہ انسان تمہارے معاملے میں رتی برابر بھی نفع یا نقصان کی قدرت نہیں رکھتے،

تو لوگوں سے الجھنا چھوڑ دو!

لوگوں سے بدگمانی اور بدظن ہونا چھوڑ دو!

Posted On Kitab Nagri

جو پریشانی قسمت میں لکھ دی گئی ہے وہ آ کر ہی رہے گی،

لوگ آزمائش کا ذریعہ ضرور ہو سکتے ہیں،

مگر نہ تو وہ تکلیف پہنچانے کی سکت رکھتے ہیں اور نہ ہی اسے رفع کر سکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے

وان یمسسک اللہ بضر فلا کاشف لہ الا ھو

"اور اگر اللہ تمہیں تکلیف پہنچانا چاہے تو اسکے سوا کوئی اسے دور نہیں کر سکتا۔ "

فرحان نے اسے انتہائی آسان لفظوں میں خوبصورتی سے سمجھایا تو سب کو جہاں اسکی بات سے ہمت ملی تھی وہیں حیرت کا شدید جھٹکا بھی لگا تھا کیونکہ انہوں نے کبھی فرحان کو یوں دینی باتیں کرتا نہیں دیکھا تھا

تم۔۔۔۔تم فرحان ہی ہو نا؟؟؟

دائم نے حیرانگی کی دنیا سے نکلتے اس سے استفسار کیا تھا لہجے میں حیرانگی کے عنصر نمایاں تھے فرحان مسکرایا تھا

بس وقت سب کو بدل دیتا ہے حالات ایک سے نہیں رہتے اللہ کسی کسی کو دوسرا موقع دیتا ہے جو اس نے مجھے دیا ہے اب حیران نہیں ہو

اس نے مسکراتے ہوئے کہا تو سب مسکرا دیئے تھے

ویسے بھی شیخ سعدی کہتے ہیں:

Posted On Kitab Nagri

تم کس دنیا پر فخر کرتے ہو؟

جس کا "بہترین مشروب" مکھی کا تھوک (شہد) ہے

اور "بہترین لباس" کیڑے کا تھوک (ریشم) ہے

مجھے اس دنیا سے کیا لینا؟

جس کے "حلال" میں "حساب"

اور "حرام" میں "عذاب" ہے_

ہمیں دنیا کو نہیں آخرت کو سنوارنا چاہیے جس بات کا احساس مجھے ماہم نے دلوایا

اس نے مزید انہیں بتایا تو سب مسکرا دیئے تھے

کیا کہا تھا اس نے

عاطف نے لاشعوری طور پر اس سے پوچھ لیا تھا

اس نے کہا تھا کہ

جب میرا رب مجھ سے پوچھے گا: کیا میری نافرمانی کرتے ہوئے تمہیں حیا نہ آئی؟

Posted On Kitab Nagri

کیا تم میری مخلوق سے اپنے گناہ چھپاتے تھے اور نافرمانی کر کے میرے پاس آتے ہو

پھر کیسے جواب دوں گا؟ ہائے افسوس مجھ پر! اور کون مجھے بچائے گا؟

میں وقتاً فوقتاً اپنے دل کو آرزوؤں کے ساتھ تسلی دیتا ہوں

اور میں بھول جاتا ہوں موت کے بعد کیا پیش آنے والا ہے؟ میرے دفنانے کے بعد کیا ہونے والا ہے؟

گویا کہ مجھے زندگی کی ضمانت دی گئی۔ اور موت مجھے آنی ہی نہیں

اور مجھے موت کی شدید ترین بے ہوشی آ پہنچی، تو کون مجھے بچائے گا؟

میں نے لوگوں کے چہروں کی طرف دیکھا، کیا ان میں سے کوئی بھی ایسا نہیں ہے جو مجھے چھڑائے گا؟

عنقریب مجھ سے سوال کیا جائے گا میں نے اپنی دنیا میں آگے کیا بھیجا جو مجھے نجات دے

اس سوال کا میں کیسے جواب دوں گا جب کہ میں نے اپنے دین میں کوتاہی کی !

اور افسوس مجھ پر! کیا میں نے اللہ کا کلام نہیں سنا جو مجھے اپنی طرف بلاتا تھا !

کیا میں نے نہیں سنا جو سورۃ "ق" اور سورۃ "یاسین" میں کہا گیا ہے؟

پھر کیسے جواب دوں گا؟ ہائے افسوس مجھ پر! اور کون مجھے بچائے گا؟

کیا میں نے موت کے منادی کو نہیں سنا جو مجھے پکارتا اور آواز دیتا ہے؟

Posted On Kitab Nagri

اے میرے رب! یہ تیری بارگاہ میں ایک توبہ کرنے والا بندہ ہے۔کون ہے جو مجھے پناہ دے گا؟

سوائے اس رب کے جس کی رحمت بہت وسیع ہے، جو مجھے حق کی طرف ہدایت دیتا ہے

بس اللہ سے ہمیشہ دعا کرو کہ

"یااللہ اچھے اعمال سے میں تیری بارگاہ میں حاضر ہوا ہوں تو مجھ پر رحم فرمااور میرے میزانوں کو بھاری کردے

اور میرا احساب ہلکا کردے۔توہی وہ بڑی ذات ہے جس سے امید کی جاسکتی ہے جو مجھے جزادے گا۔"

اس نے ایک نظر سب کو دیکھ کہا تو سب بہت متاثر ہوئے تھے یقیناً باتوں میں سچائی تھی ہر ذی روح نے لوٹ کر اپنے مالک کے پاس جانا ہے تو کیا منہ دکھائیں گے جب وہ ہم سے ہماری گزاری ہوئی زندگی کے بابت سوال کرے گا پوچھے گا تب سوائے شرمندگی اور خود کو ملامت کرنے کے علاوہ کوئی راستہ نہیں ہوگا تو اس سے اچھا یہی ہیکہ ہم اس زندگی کو اسلام کے بتائے گئے اصولوں کے مطابق جئیں تاکہ اللہ کے سامنے شرمندگی کے بجائے ایک فخر ہونا چاہیے کہ ہم نے اس کے حکم کی پاسداری کی تھی

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اچھا چلو اب پلین پر عمل بھی کرنا ہے

فرحان نے فوراً کہا اور سب کو لیکر نکل گیا۔

✿✿✿✿✿✿✿✿✿✿✿

Posted On Kitab Nagri

پیٹر نے سب کو پنجرے میں قید کرر کھا تھا آج اس نے پارٹی کا اہتمام کیا تھا کہ اپنے دشمنوں کو مارنے کا جشن منا سکے پیٹر کی عادت تھی وہ ہمیشہ اپنی جیت کی خوشی سب سے پہلے مناتا تھا اور آج بھی وہ حسب عادت جشن منانے کی پوری تیاری کر چکا تھا

اس کے ساتھی کالے رنگ کے لباس میں ملبوس چہرے پر ماسک لگائے اسکے دربار میں حاضر ہوئے تھے سب نے اسے جھک کر سلام کیا تو وہ تخت پر بیٹھا تھا تھوڑے فاصلے پر موجود پنجرے میں قید وہ یہ سارا منظر دیکھ رہی تھیں

وہ لوگ آ گئے ہیں

ماہم نے ایک انجانے احساس کے تحت دھیمی آواز میں انہیں کہا تو سب حیران ہوئیں تھیں

وہ۔۔۔۔۔وہ کیسے آ گئے یہاں تو پیٹر کا حفاظتی گھیرا ہے وہ کیسے توڑ کر آ سکتے ہیں اور پیٹر کو بھنک تک نہیں پڑی ایسا کیسے ہو سکتا ہے وہ ہماری سوچ سے زیادہ خطرناک ہے

رمشاء نے حیرانگی میں اسے دیکھتے کہا تو ایک پل کے لئے اسے بھی اپنے احساسات جھوٹے لگے جو اسے یہ باور کروا رہے تھے کہ اسکا فرحان یہاں آ گیا ہے

نہیں۔۔۔۔ایسا نہیں ہو سکتا اللہ اپنی بندوں کے لئے کوئی نا کوئی راستہ نکال دیتا ہے انکی مدد فرماتا ہے فرحان کی مدد کی ہو گی اللہ نے انہیں کوئی نا کوئی راستہ دکھایا ہو گا میرا دل مجھ سے جھوٹ نہیں بولے گا

Posted On Kitab Nagri

اس نے ایک یقین سے کہا تو سب کو اسکی بات پر یقین سا آیا تھا ابھی کوئی کچھ کہتا کہ ڈھول کی تھاپ پر رقص شروع ہوا تھا اسکے ساتھیوں نے ڈانس کرنا شروع کیا تھا ہر طرف شور تھا پیٹر ماحول کو انجوائے کر رہا تھا جب اچانک ایک ایک کر کے اسکے ساتھی مرنے لگے سب ناچتے ہوئے لڑکوں کو یوں اچانک زمین بوس ہوتا دیکھ پیٹر فوراً حیرت کے مارے کھڑا ہوا تھا

یہ سب کیا ہو رہا ہے ؟؟؟

پیٹر نے حیرت زدہ آنکھوں سے سب دیکھتے کہا تو ہر طرف خاموشی چھا گئی اسکے ساتھی مر چکے تھے اس نے ایک نظر سب کو دیکھا جہاں فقط پانچ لڑکے منہ پر ماسک چڑھائے کالے لباس میں ملبوس کھڑے اسے ہی دیکھ رہے تھے

تم لوگ یہاں آ گئے

ساری کاروائی سمجھتے پیٹر نے مسکراتے ہوئے کہا تھا کیونکہ اسے کسی سے کوئی خطرہ نہیں تھا جب تک ماہم کے والد کا بنایا حفاظتی گھیرا پیٹر پر تھا تبھی وہ نڈر انداز میں بات کر رہا تھا ورنہ فرحان پیٹر سے زیادہ طاقت رکھتا تھا

اسکی بات سن کر عاطف، یاسر، فہد اور دائم سائیڈ پر ہو گئے تھے جب فرحان نے اپنے چہرے پر لگے ماسک کو ہٹایا تھا اور سر سے ہڈی کو اتار دیا

ممممم۔۔۔ میں نے کہا تھا وہ آ گیا ہے

Posted On Kitab Nagri

ماہم نے اسے دیکھتے ہی رمشاء سے کہا تھا جبکہ رمشاء کے ساتھ ساتھ باقی سب کو پریشانی نے آن گھیرا تھا

وہ یہاں آ تو گیا ہے ماہم مگر یہ ہمارے لئے پریشانی کی بات ہے جب تک پیٹر سے وہ گھیرا نہیں ہٹے گا فرحان بھائی اسے مار نہیں سکتا اور حفاظتی گھیرے کو ختم کرنے کا منتر تمہیں یاد نہیں آ رہا یہ پریشانی کا مقام ہے اللہ نہ کرے مگر پھر سے کئی سالوں پہلے گزرا وقت دوبارہ آ چکا ہے

رمشاء نے اسکی حقیقت کی جانب توجہ دلائی تو وہ بھی پریشان ہو گئی تھی

تم یاد کرنے کی کوشش کرو ماہم

زری نے اسے دیکھتے کہا تو اس نے ہاں میں سر ہلایا تھا

اسلام علیکم !

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

kitabnagri@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Posted On Kitab Nagri
Fb/Pg/Kitab Nagri
kitabnagri@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

پیٹر اگر تم میں ہمت ہے تو مجھ سے اپنے زور بازو پر لڑ کر دیکھاوا گر تم نے مجھے لڑنے کے قابل نہ چھوڑا تو ہم خود اپنی جانیں تمہیں دے دیں گے

فرحان نے پیٹر کو چیلینج کیا تو سب نے حیرانگی سے اسے دیکھا تھا

یہ۔۔۔۔۔ یہ کیا کہہ رہا ہے دائم

فہد نے اسکی بات سن کر پریشانی کے عالم میں دائم سے استفسار کیا تھا کیونکہ یہ تو ان کے پلین میں شامل ہی نہیں تھا

مجھے خود نہیں معلوم یہ کہہ کیا رہا ہے

دائم نے پریشانی سے اسے جواب دیا

فرحان

کوئی میرے راستے میں نہیں آئے گا

Posted On Kitab Nagri

ابھی دائم اسے کچھ کہتا کہ فرحان کی سنجیدہ آواز ماحول میں گونجی تھی

مجھے منظور ہے فرحان

پیٹر نے مسکراتے اسکا چیلینج قبول کیا تھا اور اسکے مقابل آکر کھڑا ہو گیا تھا

ماہم۔۔۔ماہم یاد کرو ورنہ فرحان بھائی کو پیٹر مار دے گا

مشی نے آگے کے بارے میں سوچتے ہی ماہم کو جھنجھوڑ کر کہا تھا مگر وہ ہونق بنی سب دیکھ رہی تھی دماغ پر زور ڈال رہی تھی مگر یاد کچھ آ نہیں رہا تھا

دوسری جانب فرحان اور پیٹر کی لڑائی شروع ہو چکی تھی دونوں ایک دوسرے کے مقابل کھڑے اپنے اپنے زور پر لڑ رہے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

فرحان۔۔۔

پیٹر نے جیسے فرحان کے منہ پر مکا مارا ماہم نے تڑپ کر اسے پکارہ تھا

ماہم سوچ یا اللہ جی میری مدد کریں میرے شوہر کی جان کا سوال ہے

اس نے دعا کرتے کہا اور دماغ پر زور ڈالنے لگی کہیں دھندلی تصاویر میں اسے سب صحیح سے نہیں مگر کچھ حد تک دکھ رہا تھا وہیں دوسری جانب پیٹر اور فرحان کی لڑائی زوروں پر تھی

Posted On Kitab Nagri

آخر کار فرحان کو درد میں دیکھ کر اور ذہن پر زور ڈال کر یاد کرنے سے ماہم کو سب یاد آگیا اور اس نے وہ منتر پڑھ دیا تھا دوسری جانب حفاظتی گھیرے کے ہٹتے ہی پیٹر کو پتہ چل گیا تھا کہ اس پر سے گھبراہٹ گیا ہے فرحان کے چہرے پر مسکراہٹ ابھری تھی خون سے لت پت چہرے پر مسکراہٹ پیٹر کو تشویش ہوئی تھی

تم۔۔۔ تم ہنس کیوں رہے ہو؟؟؟

اس نے بظاہر تو سنجیدگی سے پوچھا تھا مگر لہجے میں حیرانگی کا عنصر نمایاں تھا

اب تیرا کیا ہوگا پیٹر

فرحان نے قہقہ لگاتے کہا تھا وہ کامیاب ہو گیا تھا اپنے پلین میں ماہم سے منتر یاد کروا کر اس نے پیٹر کو اب بے بسی کے دہانے پر لا کر کھڑا کر دیا تھا وہیں ان لڑکیوں پر سے پنجرہ غائب ہو گیا تھا دائم، فہد اور یاسر عاطف نے فوراً انہیں اپنی حفاظت گھیرے میں لیا تھا تاکہ پیٹر انہیں نقصان نہ پہنچا سکے

فرحان نے کچھ پڑھ کر اپنا ہاتھ ہوا میں لہرایا اور پیٹر پر وار کیا تھا پیٹر کو بجلی کے شدید جھٹکے لگنے لگے تھے اور پھر اس نے اپنا ہاتھ ہٹایا تو اسے سکون ملا

فرحان نے پیٹر کو بے بس کر دیا تھا پیٹر سے زیادہ فرحان جادو اور اسکے اثرات کے بارے میں علم رکھتا تھا تبھی حفاظتی گھیرے کے ہٹتے ہی اس نے اسے بے بسی کی انتہا پر پہنچا ڈالا تھا پیٹر بس اس حفاظتی گھیرے کہ وجہ سے ہواؤں میں اڑ رہا تھا آج تک جسے فرحان کے پلین اور ماہم کی یادداشت نے زمین پر لا پٹکا تھا

Posted On Kitab Nagri

ہمیں تم نے بہت درد دیا میں نے سب کو واپس پا لیا مگر اپنے چاچا اور بھائی کو میں واپس نہیں لا سکا تو نے انہیں بہت بے دردی سے مارا تھا ان پر جادو کر کے انکی لاشوں کو گم کر دیا میں تجھے چھوڑوں گا نہیں

فرحان نے غصے سے دہاڑتے کہا تھا اور ساتھ ہی کچھ پڑھا تھا کہ پیٹر کے جسم کو آگ لگنے لگی تھی وہ کراہنے لگا تھا پورا جسم آگ میں جلنا شروع ہو گیا تھا باقی سب اسے یوں جلتا دیکھ رہے تھے اور بلآخر وہ تڑپ تڑپ کر مر گیا

فرحان آپ۔۔۔۔آپ ٹھیک تو ہیں

اس کے پاس آتے ہی ماہم نے فکر مندی سے پوچھا تھا

میں ٹھیک ہوں

اس نے اسے تسلی دی تھی

آج تو خوشی کا دن ہے ہم نے اپنا بدلہ لے لیا

فہد نے مسکراتے ماحول کا اثر زائل کرنے کے لئے کہا تو سب مسکرا دیئے تھے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

آپ لوگوں نے پیٹر کا حفاظتی گھیرا کیسے توڑا جو اس نے اس جگہ کے آس پاس لگایا تھا

زری نے دل میں آیا سوال پوچھا تو سب مسکرائے تھے

ہم نے توڑا ہی نہیں

Posted On Kitab Nagri

فہد نے مسکرا کر کہا تھا

مطلب؟؟؟

اسے کچھ سمجھ نہیں آئی تھی

مطلب کہ ہم نے کوئی گھیرا نہیں توڑا ویسے بھی یہ گھیرا بس زمین کے اوپر اوپر تھا نیچے نہیں تو ہم زمین کھود کر نیچے سے یہاں داخل ہو گئے پھر پیٹر کے ساتھیوں کو زہریلا پانی پلا دیا جس کے باعث وہ مر گئے

فہد نے اسے سب بتایا تو وہ مسکرائی تھی

مگر تم نے اچھا نہیں کیا فرحان پیٹر سے لڑنے کا آئیڈیا تمہارا اپنا تھا ہمیں بتانا بھی ضروری نہیں سمجھا

دائم نے شکوہ کیا تھا

وہ سب بس ماہم کو منتر یاد دلانے کی ایک کوشش تھی جس میں میں کامیاب رہا

فرحان نے مسکراتے ہوئے کہا تھا

اچھا چلو اب گھر چلتے ہیں

یاسر نے کہا تو سب گھر کی جانب چل دیئے تھے۔

✿✿✿✿✿✿✿✿✿✿✿✿

Posted On Kitab Nagri

دو_سال_بعد😍😍😍

تم جانتے ہو؟

وہ سامنے بیٹھے اس سے پوچھ رہا تھا جو رات بھر روتا رہا تھا

نہیں شاید تم جانتے نہیں ہو "

اچھا تو سنو۔۔۔

تمہیں پتا ہے

"تمہارا اللہ تم سے کتنی محبت کرتا ہے"۔

"یقین کرو واقعی وہ بہت محبت کرتا ہے"۔

"یہ جو آنسوں تم بہاتے ہو نا یہ آنسو اس دنیا والوں کے لیے تو کوئی معنی نہیں رکھتے لیکن تمھارے اللہ کے لیے یہ آنسوں بہت انمول ہیں تمہاری آنکھ سے گرنے والے ایک ایک آنسو کو وہ اپنی رحمت میں ڈھانپ لیتا ہے"

تمہیں پتا ہے جب تم یہ آنسو بہا بہا کر اسے اپنے دکھ سنا رہے ہوتے ہو تو وہ بہت ہی غور سے سن رہا ہوتا وہ اس دنیا والوں کی طرح تمہیں نظر انداز نہیں کر رہا ہوتا""""

Posted On Kitab Nagri

تم جانتے ہو وہ تمہیں جواب دے رہا ہوتا ہے کہ میں تو ایمان والوں کے ساتھ ہوں میری مدد تو ہر پل تمہارے ساتھ ہے۔۔۔

تم جانتے ہو وہ تو تم سے وعدہ کر رہا ہوتا ہے کہ وہ کبھی تمہیں تنہا نہیں چھوڑے گا اور تم جانتے ہو نا تمہارا اللہ کبھی وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔۔۔

دیکھو وہ تم سے بہت محبت کرتا ہے اسی لیے تو اس نے تمہیں چنا ہے اپنے راستے کے لیے کیوں کہ تم بہت خاص ہو اپنے اللہ کے لیے۔۔۔

پھر تم اپنے آنسوؤں کو ایسے ضائع نا کرو انہیں اس رب کی محبت میں بہاؤ تمہارا اللہ تمہارے آنسوؤں کی بہت قدر کرتا ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس لئے رو نہیں تم کس لئے رو رہے ہو مجھے بتاتے میں تمہارا مسئلہ حل کروا دیتا خوا مخواہ ہی اپنا خون جلاتے رہے چلو فریش ہو کر آؤ ابھی چلتے ہیں میں ماہم کو بتاتا ہوں

وہ اسے دلاسہ دیتا اٹھ کر باہر چلا گیا تھا جبکہ وہ واشروم گھس گیا تھا

ماہم کیا کر رہی ہو

فرحان نے کمرے میں آتے ہی اس سے پوچھا تھا جو آئینے کے سامنے کھڑی بال بنا رہی تھی

Posted On Kitab Nagri

بال بنا رہی ہوں فرحان

اس نے اسے دیکھتے جواب دیا اور پھر سے مصروف ہو گئی تھی

ذیشان رو رہا تھا

اس نے اچانک سے دھماکہ کیا تو ماہم کے بال بناتے ہاتھ رکے تھے

کیوں فرحان کیا ہوا کیا مجھ سے کوئی غلطی سرزد ہوئی ہے

ماہم نے پریشانی سے پوچھا تھا پیٹر کو مار کر جب وہ پاکستان آئے تو سب کو حقیقت بتا دی تھی سب کچھ نا قابل یقین تھا مگر سچ تھا تب فرحان نے ذیشان جبکہ دلاور خان نے رانی کی زمہ داری اٹھائی تھی اور اب جب فرحان ذیشان کو دبئی بھیج رہا تھا پڑھنے کے لئے تو وہ رانی سے جدا ہونے کے غم میں کل رات بلاآخر ضبط کھو کر رو دیا تھا اس نے کسی کو بھنک تک نہیں لگنے دی تھی کہ وہ رانی کو چاہتا ہے مگر اب حالات دونوں کو جدا کرنے کے درپے تھے تبھی فرط جذبات میں فرحان کو سب بتا گیا تھا

نہیں وہ رانی کو چاہتا ہے اور اس سے دور ہونے سے ڈر رہا ہے تو میں سوچ رہا ہوں کہ آج جا کر دلاور صاحب سے بات کر لوں تاکہ انکا رشتہ پکا ہو جائے اور منگنی کر دیں تاکہ وہ بنا کسی خوف و خطر اپنی پڑھائی پر توجہ دے کر کچھ بن سکے

فرحان نے اسے بتایا تو اسکی بات سے رضامند ہو گئی تھی۔

✿✿✿✿✿✿✿✿✿✿✿

Posted On Kitab Nagri

محبت آپ جیسی ہے

مجھے سب لوگ کہتے ہیں

محبت جانتے ہو تم؟

محبت مانتے ہو تم؟

محبت آگ جیسی ہے

جو جلتی ہے تو بجھتی ہے

محبت گیت جیسی ہے

کئی سازوں پہ مبنی ہے

محبت رنگوں کی تتلی

جو خوشبو ڈھونڈ لیتی ہے

مگر کیوں مجھ کو لگتا ہے

یہ سارے لفظ جھوٹے ہیں!

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اگر سچ ہے

تو بس یہ ہے

محبت آپ جیسی ہے

کبھی گُم سُم

کبھی چنچل

کبھی جگنو

کبھی بادل

کبھی یہ نیند ہے تو

کبھی یہ خواب جیسی ہے

محبت آپ جیسی ہے...

✿✿✿

Posted On Kitab Nagri

رانی کمرے میں بیٹھی خیالوں میں گم تھی اسے سمجھ نہیں آرہا تھا وہ کیا کرے دو سالوں میں کتنا کچھ بدل گیا تھا اسکے والد کو ایک سال ہو گیا تھا انتقال ہوئے اب جو بھی تھے بس دلاور خان تھے اسکے باپ کی جگہ وہ تھے مگر وہ منہ پھاڑے کہہ بھی نہیں سکتی تھی انہیں کہ ذیشان کو وہ چاہتی ہے جب سے اس نے سنا تھا کہ ذیشان جا رہا ہے بجھ سی گئی تھی اس نے کبھی خواب دیکھا تھا اپنے اور زیشان کے متعلق جو اسے ٹوٹ کر بکھرتے دکھ رہے تھے

خواب دیکھنا جرم نہیں ہے, ٹوٹے ہوئے خوابوں میں جینا اور ان کو یاد کر کے اپنے آپ کو ہلکان کرنا جرم ہے۔

زندگی کی قیمت کا اندازہ غم نہیں بتا سکتے لیکن پتھر توڑ کر جو پودا نکلتا ہے وہ بتاتا ہے زندگی کی کیا قیمت ہے۔

کوئی بھی تصویر ایک رنگ سے نہیں بنتی ہے اسی طرح اگر غم نا ہوں تو خوشی کی قیمت ہمیں معلوم نہیں ہوتی ہے
۔

زندگی حسین ہے لیکن اس کی خوبصورتی ہم سے ہے۔

مانا کہ وقت سے ہارے ہوئے ہیں ہم لیکن کہیں نہ کہیں کوئی تو ہوتا ہے جو ہمارے انتظار میں اپنی صدیاں اداس کیئے بیٹھا ہوتا ہے۔

فرق اتنا ہے کہ ہم اس کے پیچھے بھاگ رہے ہوتے ہیں جو ملنا نہیں، اور جو مل رہا ہوتا ہے اس کی قدر نہیں کرتے۔

زندگی میں آپ کسی کو چاہتے ہیں یہ اہم نہیں ہے اکثر چاہتیں یکطرفہ ہوتیں ہیں،

Posted On Kitab Nagri

لیکن دیکھنا یہ ہوتا ہے کہ اگر کوئی آپ کو چاہتا ہے اور اپنا جیون ساتھی بنانا چاہتا ہے تو اس کی قدر کریں۔

کیونکہ اگر وہ کسی اور کے حصے میں چلا گیا نا تو آپ دو کشتیوں کے سوار بن جائیں گے اور کہیں گے کہ اس زندگی کا کیا فائدہ۔

کسی نے مجھ سے پوچھا کہ تمہیں کیا بننا پسند ہے؟

تو میں نے کہا" مجھے جوکر بننا پسند ہے کبھی آپ نے اس کو دیکھا ہے،

کیسے چہرے پہ ایک ماسک چڑھائے لوگوں کا دل لبھا رہا ہوتا ہے کہ جیسے دنیا میں بس خوشی ہی خوشی ہے کیسے لوگ اپنے غم کو بھول کر ہنس رہے ہوتے ہیں۔

مجھے ویسا ہی جوکر بننا پسند ہے جو چہرے پہ نقاب پہنے لوگوں کو حوصلہ اور خوشی دیتا ہے چاہے اندر سے خود ٹوٹا ہوا کیوں نا ہو"۔

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مجھے سرد راتوں میں چاند تلے تنہا چھت کی تیسری منزل پہ بیٹھنا اچھا لگتا ہے۔

یہ وہ وقت ہوتا ہے جب پوری دنیا سو رہی ہوتی ہے اور آپ اکیلے جاگ رہے ہوتے ہیں۔

اس وقت آپ کو زندگی اور سکون کا وہ احساس ملتا ہے جو تصور سے بھی باہر ہے.

میں مانتی ہوں کہ آپ کا دکھ مجھ سے زیادہ ہوگا

Posted On Kitab Nagri

لیکن صحیح اور غلط کو دیکھے بغیر دکھ بانٹیں شاید ہم سب اپنا اپنا دکھ بھول جائیں ایک دوسرے کو سن کر.

"کیونکہ ہاتھ سے ہاتھ ملا کر تو دیکھو

دنیا خود ہی بدل جائے گی

پھول کھلیں گے ڈالی ڈالی

تتلی ننھے پر پھیلائے گی"

وہ پتہ نہیں کہاں سے کہاں نکل گئی تھی سوچوں میں کہ اسے علم تک نہیں ہوا کہ کوئی اس کے کمرے میں آ کر اسے تک رہا ہے سوچوں کا تسلسل تو تب ٹوٹا جب اپنے کندھے پر اس نے کسی کے ہاتھوں کا لمس محسوس کیا

تتتتت۔۔۔۔۔ تم

وہ جیسے ہوش میں آئی تھی سامنے اسے بیٹھے دیکھ جھٹکے سے اٹھتی حیرت ہوتی بولی

میں نہیں آ سکتا کیا

اس نے اسے دیکھتے ہوئے پوچھا

مم۔۔۔۔ میں نے ایسا بھی نہیں کہا

اس نے اپنے لہجے کو مضبوط کرتے کہا تو وہ مسکرایا تھا

Posted On Kitab Nagri

تم گئے نہیں

اس نے اسے مسکراتا دیکھ سوال کیا تھا

ہاں جانا ہے بس ملنے آیا تھا

اس نے اسے دیکھتے کہا تو وہ بجھ سی گئی تھی سینے میں کچھ ٹوٹ سا گیا تھا

چلو نیچے چلتے ہیں

اسکے چہرے پر آئی افسردگی دیکھ اس نے اسے نیچے چلنے کی پیشکش کی

تم چلو میں آتی ہوں تھوڑی دیر میں

اس نے ٹالتے ہوئے کہا کیونکہ اسکا کوئی ارادہ نہیں تھا نیچے جانے کا

ماہم باجی بلا رہی ہیں تمہیں مشی آپی اور باقی سب بھی آئے ہوئے ہیں

اس نے اسے دیکھتے کہا

اچھا چلو

اس نے اسے کہا اور نیچے چل دی ذیشان نے کسی کو نہیں بتایا تھا کہ وہ دلاور خان کا بیٹا ہے اور نہ اس نے جاننے کی کوشش کی تھی مشی ٹھیک ہو گئی تھی اس کے لئے یہی کافی تھا وہ یہ راز اپنے دل میں دفن کر چکا تھا کیونکہ اگر سچ

Posted On Kitab Nagri

سامنے آ بھی جاتا تو دلاور خان کو شرمندہ ہوتے وہ نہیں دیکھ سکتا تھا کوئی کہے نا کہے مگر دل میں تو آنا تھا کہ ایک باپ اپنے بیٹے کی حفاظت نہ کر سکا پھر چاہے حقیقت کچھ بھی ہوتی کیا فرق پڑنا تھا

وہ نیچے آئے تو سب بیٹھے باتیں کر رہے تھے فرحان نے سب کو بلا لیا تھا اور سب دلاور خان کے گھر جمع ہوئے باتوں میں مصروف تھے وہ سب ایک دوسرے میں ایسے گھل مل گئے تھے معلوم ہی نہیں ہوتا تھا کہ غیر ہیں اپنے لگتے تھے سب ایک دوسرے کے

اسلام علیکم !

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو ابھی ای میل کریں۔

kitabnagri@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

Posted On Kitab Nagri

kitabnagri@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

السلام علیکم!

رانی نے آتے ہی سلام کیا تھا

وعلیکم السلام!

سب نے سلام کا جواب دیا تھا اور وہ مشی کے ساتھ جا کر بیٹھ گئی

تو پھر ابھی کر دیتے ہیں منگنی سب موجود ہیں یہاں کیونکہ تھوڑی دیر میں ذیشان کی فلائیٹ ہے

فرحان نے بات کا آغاز کیا تھا وہیں رانی کو حیرت کا شدید جھٹکا لگا تھا جبکہ ذیشان مسکرایا تھا

مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے

دلاور خان نے مسکراتے ہوئے رضامندی ظاہر کی تھی

ذیشان آجاؤ پھر

دائم نے اسے بلایا تو وہ رانی کے برابر خالی جگہ پر آکر براجمان ہوا

Posted On Kitab Nagri

چلو پہناؤ انگوٹھی

مشی نے اسکی جانب انگوٹھی بڑھائے کہا تو اس نے بے یقینی سے اسے دیکھا اسے اب بھی یقین نہیں آ رہا تھا کہ اسکی منگنی ہو رہی ہے وہ بھی اس کے ساتھ جسے وہ لگ بھگ کھو چکی تھی یا کھونے کا سوچ چکی تھی

رانی پہناؤ انگوٹھی

ماہم نے اسے پکارتے کہا تو اس نے انگوٹھی ڈبیہ سے نکالی اور ذیشان کے بڑھے ہوئے ہاتھ کی تیسری انگلی میں ڈال دی پھر ذیشان نے اسکے ہاتھ کی انگلی میں انگوٹھی پہنائی تھی

مبارک ہو

سب نے ایک دوسرے کو مٹھائی کھلائی تھی سب بہت خوش تھے جہاں انہوں اپنا اتنا کچھ کھویا تھا وہیں انہیں کچھ ایسے خوبصورت رشتے ملے جن سے انکی دنیا سنور گئی وہیں وہ آخرت کو سنوارنے کا بھی زریعہ بنے سچ کہتے ہیں کبھی کبھی خونی رشتے پرائے اور پرائے رشتے خونی بن جاتے ہیں لیکن رشتے کبھی خونی یا پرائے نہیں ہوتے رشتے ہمیشہ احساس، محبت اور پرواہ سے بنتے ہیں یہ تینوں عنصر اگر ہوں تو غیر بھی اپنے ہو جاتے ہیں اور اگر یہ تینوں عنصر نہ ہو تو اپنے بھی پرائے ہو جاتے ہیں

Posted On Kitab Nagri

سب خوشی میں ایک دوسرے میں مصروف تھے رانی کچن میں سب کے لئے چائے بنانے آئی تھی جب وہ بھی اسکے پیچھے آیا

✿✿✿

روح سے محسوس کریں،

لفظوں میں تمہارے کھو جائیں...

یہ عشق کا موسم ہے.،......

کہو تو آپ کے ہو جائیں...... .......

✿✿✿

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

وہ دلکشی سے شعر پڑھتا اسکے پیچھے آکر کھڑا ہوا تھا وہ جو اپنے دھیان سے چائے بنا رہی تھی ڈر سی گئی تھی

تم۔۔۔تم یہاں

وہ دھڑکتے دل کے ساتھ اسے دیکھتی بولی

Posted On Kitab Nagri

ہاں آخری بار تمہیں دیکھنے آیا ہوں پھر پتہ نہیں کب ملاقات ہو

اس نے اسے دیکھتے اپنے آنے کی وجہ بتائی تو وہ افسردہ سی ہو گئی تھی

فکر نہیں کرو یہ دیکھو

اس نے اسے دلاسہ دیتے ایک شاپر اسکی جانب بڑھایا تو اس نے حیرت سے اسے دیکھا

یہ کیا ہے

اس نے حیرانگی سے استفسار کیا

کھول کے دیکھو تو

اس نے اسے دیکھتے مسکرا کر کہا تو اس نے چولہے کی آنچ دھیمی کی اور شاپر کو کھول کر دیکھا تو اس میں موبائل کا ڈبہ تھا اس نے اسے دیکھا جیسے پوچھ رہی ہو یہ کس لئے

اس میں سم ڈال دی ہے میں نے اور اپنا نمبر بھی سیو کر دیا ہے واٹس ایپ بھی بنا دیا ہے اور پیکیج بھی ہے اب تم نیٹ آن رکھا کرنا میں ویڈیو کال کروں گا تو بات کر لیا کریں گے

اس نے اسے ساری بات بتاتے کہا تو وہ مسکرا دی

آج تم بہت خوش ہوں

Posted On Kitab Nagri

رانی نے اسے خوش دیکھ چھیڑا تھا

تمہیں پتہ ہے جب ہم دوسروں کو خوش کرتے ہیں تو خود بھی خوشی محسوس کرتے ہیں کیونکہ خوشی کی شعائیں ہوتی ہیں جس پر ڈالی جائیں وہ بھی پر رونق ہو جاتا ہے اور جہاں سے پھوٹتی ہیں وہ بھی

ذیشان نے مسکراتے اس کے سوال کا جواب دیا

تم بھی تو مسکراتی رہتی ہو

وہ اسے چھیڑتا بولا

زندگی بھی ناول کی طرح ہوتی ہے اور ہر دن ایک نئے پیج کا آغاز ہوتا ہے اگر ایک پیج اداس سا ہے تو اگلا پیج ضرور خوشی لئے ہو گا تو ٹینشن لینا چھوڑ دینا چاہیے بس ایک ایک کر کے پیج پلٹو اور زندگی کو انجوائے کرو

اس ناولز کی دیوانی لڑکی نے اسے اپنے ہی سٹائل میں کتنی بڑی بات کو کتنے آسان لفظوں میں سمجھا ڈالا تھا

افف کہاں سے لاتی ہو ایسی باتیں؟

اس نے حیرانگی سے پوچھا تھا جو اسکی باتوں سے مسمرائز ہوا تھا

Posted On Kitab Nagri

بس کچھ ناولز کی مہربانی ہے اور کچھ زندگی کی باقی اس خدا نے سنبھال رکھا ہے جو کبھی مجھے اس بیسٹ نما دنیا میں گم نہیں ہونے دیتا

اس نے مسکراتے ہوئے بتایا تو وہ بھی مسکرادیا تھا پھر ذیشان باہر نکل گیا وہ موبائل سائیڈ پر رکھتی چائے کو کپوں میں ڈالتی باہر لائی اور سب کو پیش کی اور یوں ہنستے مسکراتے سب خوشحال زندگی بسر کرنے لگے سب کو اپنی شریکِ حیات کے ساتھ ساتھ نئے اور پر خلوص رشتے بھی مل گئے تھے جنہوں نے زندگی جنت سی کردی تھی۔

✿✿✿✿✿✿✿✿✿✿✿

"صبر واستقامت، ہمت و تقوٰی اور ڈٹے رہنا"

یہ وہ باتیں ہیں جو انسان کی زندگی کو آسان اور خدا کے قریب کردیتی ہیں اس راستے پر چلتے ماہم نے اپنے فرحان کو پالیا، زیشان اور رانی نے ایک دوسرے کو پالیا، وہیں فہد کو زرمینہ اور دائم کو رمشاء سے ملوادیا، تو دوسری جانب یاسر کو دلنشین اور عاطف کو مشی کا ساتھ مل گیا

اللہ پر یقین، صبر، ہمت و تقویٰ ہمیں یہ سکھاتا ہے کہ جب کبھی خون کے رشتے دل دکھائیں تو حضرت یوسف علیہ السلام کو یاد کرلینا جن کے بھائیوں نے اُنہیں کنویں میں پھینک دیا تھا۔

Posted On Kitab Nagri

جب کبھی لگے کہ تمہارے والدین تمہارا ساتھ نہیں دے رہے تو ایک بار حضرت ابراھیمؑ کو ضرور یاد کر لینا جن کے بابا نے انکا ساتھ نہیں دیا بلکہ انکو آگ میں پھنکوانے والوں کا ساتھ دیا.

جب کبھی لگے کہ تمہارا جسم بیماری کی وجہ سے درد میں مبتلا ہے تو ہائے کرنے سے پہلے صرف ایک بار حضرت ایوبؑ کو یاد کرنا جو تم سے زیادہ بیمار تھے.

جب کبھی کسی مصیبت یا پریشانی میں مبتلا ہو تو شکوہ کرنے سے پہلے حضرت یونسؑ کو ضرور یاد کرنا جو مچھلی کے پیٹ میں رہے اور وہ پریشانی تمہاری پریشانیوں سے زیادہ بڑی تھی.

اگر کبھی جھوٹا الزام لگ جائے یا بہتان لگ جائے ناں! تو ایک بار اماں عائشہؓ کو ضرور یاد کرنا.

اگر کبھی لگے کہ اکیلے رہ گئے ہو تو ایک بار اپنے بابا آدمؑ کو یاد کرنا جن کو اللہ نے اکیلا پیدا کیا تھا اور پھر انکو ساتھی عطا کیا۔ تو تم ناامید نہ ہونا تمہارا بھی کوئی ساتھی ضرور بنے گا.

اگر کبھی اللہؐ کے کسی حکم کی سمجھ نہ آ رہی ہو تو اس وقت نوحؑ کو یاد کرنا جنہوں نے بغیر کوئی سوال کیے کشتی بنائی تھی پر اللہؐ کے حکم کو ماننا تھا تو تم بھی ماننا.

اور اگر کبھی تمہارے اپنے ہی رشتے دار اور دوست تمہارا تمسخر اڑائیں تو نبیوں کے سردار محمدؐ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کو یاد کر لینا.

تمام نبیوں کو اللہؐ نے آزمائش میں ڈالا کہ ہم ان کی زندگیوں سے صبر و استقامت، ہمت و تقوٰی اور ڈٹے رہنے کا سبق حاصل کریں۔

Posted On Kitab Nagri

اپنے نبیوں کی زندگیوں کو اپنا رول ماڈل بنائیں۔انہین اپنا آئیڈیل بنائیں تاکہ زندگیاں آسان ہوں آخرت سنور سکے۔

فرحان کی زندگی نے ہمیں یہ سبق دیا کہ آزمائش آئے تو ہمیں شکوہ شکایت کرنے کے بجائے اللہ سے مدد مانگنی چاہیے صبر سے کام لینا چاہیے کبھی بھی بدگمان نہیں ہونا چاہیے کہ میں ہی کیوں؟ بلکہ شکرادا کریں کہ اس پاک زات نے آپ کو اس قابل سمجھا کہ آپ کو آزمائش میں ڈالا اور ہمیشہ اس بات کو ذہن میں رکھیں کہ خدا کبھی اپنی بندے کو اس کی برداشت سے بڑھ کر دکھ نہیں دیتا۔

دلنشین کی زندگی نے ہمیں سکھایا کہ اللہ نے جو رشتے اسلام میں حرام میں قرار دیئے ہیں وہ کبھی بھی حلال ثابت نہیں ہو سکتے بوائے فرینڈ گرل فرینڈ جیسے رشتے کبھی بھی انسان کو عزت اور وہ وقار نہیں دے سکتے جو وقار اور عزت شوہر دے سکتا ہے

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

میں مرد کو ذرہ برابر قصوروار نہیں سمجھتی۔سارا قصور عورت کا اپنا ہوتا ہے آج بھی پردے اور برقعے کی عزت اور وقار قائم ہے اور دیکھنے والے نظر جھکا کے بات کرتے ہیں (سوائے چند ایک کے)۔

ہم دیکھتے ہیں بازاروں میں خواتین کو۔مجھے بتائیں آپکو خریداری کرنی ہے ناتو ضرورت کی چیزیں لینے کیلیئے نیم برہنہ اور میک اپ زدہ ہو کر نکلنے کی آخر ضرورت کیا ہے؟

Posted On Kitab Nagri

کیوں میک اپ کر کے تیار ہو کے جاتی ہیں؟ کس کے لئے؟ مفت میں نمائش، جینز، ٹائیٹ پاجامے، بنا دوپٹے کے طوائف بازار میں نہیں نکلتی تو عزت دار گھرانوں کی شہزادیاں نکلتی ہیں کیا؟

ہے کوئی جواب؟

اگر ہے تو مجھے نہیں اپنے ضمیر کو جواب دو۔

اور کل اپنے رب کو وہی جواب دینا۔

ایسی ایسی ڈریسنگ کہ میں عورت ہو کر لرز جاتی ہوں۔ اور دل میں ایک ہی خیال آتا ہے کہ آفرین اس ماں پر جو تجھے گھر سے باہر نکلنے کے آداب سکھانا بھول گئی یا تم بیٹی ہو کہ ماں باپ کی عزت کا نہیں سوچ رہی ایسے لوگوں پر ایک چیز ہی پڑھی جاتی ہے اور وہ ہے

انااللہ وانا الیہ راجعون۔

دستک دینا ہمارا فرض ہے۔ بند دروازے کھولنا اللہ کا کام ہے کوشش کریں کہ وہی کام کریں جو دنیا اور آخرت میں عزت کا رتبہ رکھتا ہو نا کہ ذلالت کا کیونکہ عورت کی عزت سفید چادر کی مانند ہوتی ہے جس پر پانی کا داغ بھی نمایاں نظر آتا ہے اور اگر کبھی عورت کی عزت پر کوئی داغ لگ جائے تو سات سمندر بھی مل کر اس داغ کو دھو نہیں سکتے۔

Posted On Kitab Nagri

دائم، فہد، عاطف اور یاسر نے دوستی کا عظیم سبق دیا جو اپنے دوست کے لئے ہر مشکل سے لڑنے کے لئے تیار تھے اور بلآخر یہ کہانی ہمیں ڈھیروں سبق دیتی بہت کچھ سکھا کر اپنے اختتام کو پہنچ گئی ہر کہانی ختم ہو جاتی ہے اگر وہ پیچھے کچھ چھوڑ کر جاتی ہے تو وہ ہے اسباق جسے سمجھنا ان پر عمل کرنا ہماری اپنی زمہ داری ہوتی ہے۔

بس اللہ سے دعا کرنی چاہیے کہ

جب ہم دنیا سے رخصت ہو رہے ہوں تو ہماری زبان اور دل اس بات کی گواہی دے رہے ہوں کہ بیشک تُو ہی عبادت کے لائق ہے، تُو ہی مالک و مولا ہے، دینِ اسلام ہی سچا دین ہے، اے اللہﷻ ہماری دنیا بھی بہتر بنا اور آخرت بھی بہتر بنا، ایمان والی موت نصیب فرما۔

( آمین یارب العالمین )

✿✿✿✿✿✿✿✿✿✿✿

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

تمہیں معلوم ہے جاناں

الفت کے تقاضوں کا

محبت میں مزاجوں کا

یہاں فقط محبت کو ہی مانا جاتا ہے

یہاں کمیاں نہیں دیکھی جاتی

یہاں محبوب کی ہر بات پر

بند آنکھوں سے آمین کہا جاتا ہے

یہاں سودے بازیاں نہیں چلتی

یہاں من مانیوں کی بھی اجازت نہیں ہوتی

یہاں تو خود کو مٹانا پڑتا ہے

یہاں ہر بار خود ہی کو جھکانا پڑتا ہے

یہاں صرف اس شخص کی خوبیاں دیکھی جاتی ہیں

Posted On Kitab Nagri

مگر تم اس سب میں یہ بھول نا جانا

اپنی عزت نفس کو نا مٹانا

اگر کوئی ہاتھ چھڑانا چاہے

اس کے آگے نا گڑگڑانا

کہ چاہتوں میں تو مان رکھے جاتے ہیں

یہاں بھیک نہیں مانگی جاتی

کسی کے آگے جھولی نہیں پھیلائی جاتی

تو اگر ایسا وقت آجائے

الفت کے فسانوں میں

محبت کے ترانوں میں

تو خود کو سمجھا کر تم

اس سے دور ہو جانا

اپنے خول میں سمٹ کر

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اپنے کردار کو

عزت نفس کو مجروح ہونے سے بچالینا

تم الفت کے تقاضوں میں

محبت کو دفنا دینا

عزت نفس ب,چالینا

ختم شد ✿✿✿✿

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

kitabnagri@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

kitabnagri@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595